رول نمبر ___________

2015 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II (کلاس بارہویں)

اردو (لازمی)　　پرچہ ۔ دوسرا　　وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ ۔ دوسرا　　**انشائیہ**　　کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔　　10 = 1 + 1 + 8

ترے قدم پہ نظر آئے محفلِ انجم　　وہ بانکپن، وہ اچھوتا شباب پیدا کر
ترا شباب امانت ہے ساری دُنیا کی　　تو خار زارِ جہاں میں گُلاب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔　　10 = 1 + 3 + 3 + 3

شور برپا ہے خانۂ دل میں　　کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دُنیا میں جی نہیں لگتا　　جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی
تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا　　ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

حصہ دوم

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عبارت کی سیاق وسباق کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔　　15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) عالَم کا رنگِ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ باغ میں جھولا کرتے تھے۔ البتہ جو صاحبِ ضرورت اُن کے پاس جاتا، اسے صلاحِ مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر اُن کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج وافلاس کی بلا سے بندگانِ خدا کو نجات ہو۔ وہ بہت خفا ہوئے اور کہا کہ اپنے کیے کا علاج نہیں۔

(ب) ایّوب صاحب کا گھر بارہ مہینے تھرڈ کلاس کا مسافر خانہ بنا رہتا تھا، ہر طرح کے لوگ ٹھہرے ہوئے ہیں۔ بالخصوص اعزّہ اور دوستوں کے لڑکے۔ مجھے یقین ہے اور میں بلا خوفِ تردید کہہ سکتا ہوں کہ ایوب صاحب کے گھر میں قیام کر کے اُن کے خرچ سے، اُن کی توجہ و محنت سے، اُن کے بل پر اعزّہ اور احباب کے جتنے لڑکوں نے علی گڑھ میں تعلیم حاصل کی ہوگی، اتنا اب تک کسی اور شخص سے نہ اب تک ہوا اور نہ شاید آئندہ ہو۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔　　10 = 1 + 9

(i) مناقبِ عمر بن عبدالعزیزؒ　　(ii) پہلی فتح

5۔ نظم ''سراغ راہرو'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔　　5

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون لکھیے۔　　20

(i) اسلام ایک مکمل ضابطۂ حیات　　(ii) سیلاب کی تباہ کاریاں　　(iii) مصورِ پاکستان ۔۔ علامہ محمد اقبالؒ

7۔ اپنے دوست کے نام خط لکھ کر اُسے بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دیں۔　　10